StudentBounty.com

नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 11

No. of Printed Pages - 7

## SS–22–Urdu Sah. (Supp.)

## SENIOR SECONDARY SUPPLEMENTARY EXAMINATION, 2013

## URDU SAHITYA

Time : 3 $\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 80

طلبہ/ طالبات کے لئے ہدایات :

i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں.

vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

StudentBounty.com



1. مندرجہ ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیں اور کسی **ایک** اقتباس پر مشتمل سوالات کے جواب لکھیں۔

(الف)

ناول کی قدر و قیمت کا اندازہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے اُس کے موضوعات کو دریافت کیا جائے، یہ اس لیے کہ ہر موضوع چند مخصوص امکانات رکھتا ہے اور اُس کے اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔ ناول نگار کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ ان امکانات کو بروئے کار لائے، ان تقاضوں کو پورا کرے اور فطرت کی ان لہروں کو بہتا ہوا دکھائے جو واقعات اور کرداروں کی ساخت پر داخت کرتی ہیں۔ موضوع سے واقفیت حاصل کرنے کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ ہم فن کے مطالبوں کو پا گئے ہیں اور اُن کی کسوٹی پر تفصیل، تصادم اور ترجمانی کے عمل کو پرکھ سکتے ہیں۔ لہذا ہمیں یہ دیکھنا چاہیئے کہ اس ناول کا موضوع کیا ہے؟

سوالات : (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) ناول کی قدر و قیمت کا اندازہ کرنے کے لئے کیا چیز ضروری ہے؟ 1

(iii) فن کے مطالبوں کی کسوٹی پر کن چیزوں کے عمل کو پرکھنے کی بات مصنف نے کہی ہے؟ 1

(iv) لفظ ''دریافت'' اور ''امکانات'' کے معنی لکھیئے۔ 1

StudentBounty.com



(ب)

سنو- یہ شاید ہماری زندگی کی آخری فصل ہے۔ ابھی تھل کھیت سے کچھ دوری پر ہے۔ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں، اپنی فصل کی حفاظت کے لیئے پھر کبھی بجوکا نہ بنانا۔ اگلے برس جب ہل چلیں گے۔ بیج بویا جائے گا اور بارش کا امرت کھیت میں سے کونپلوں کو جنم دے گا تو مجھے ایک بانس پر باندھ کر کھیت میں کھڑا کر دینا۔ بجوکا کی جگہ پر میں تب تک تمہاری فصلوں کی حفاظت کروں گا جب تک تھل آگے بڑھکر کھیت کی مٹی کو نگل نہیں لے گا اور تمہارے کھیتوں کی مٹی بُھر بُھری نہیں ہو جائے گی، مجھے وہاں سے ہٹانا نہیں۔ وہیں رہنے دینا۔ تاکہ جب لوگ دیکھیں تو اُنہیں یاد آئے کہ بجوکا نہیں بنانا کہ بجوکا بے جان نہیں ہوتا۔ آپ سے آپ اسے زندگی مل جاتی ہے اور اُس کا وجود اُسے درانتی تھما دیتا ہے اور اُس کا فصل کی ایک چوتھائی پر حق ہو جاتا ہے۔

سوالات: (i) مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کریں اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیں۔ 5

(ii) ''بجوکا'' کسے کہتے ہیں؟ 1

(iii) ''بجوکا'' کا کتنی فصل پر حق ہو جاتا ہے؟ 1

(iv) لفظ ''تھل'' اور ''جنم دینا'' کے معنی لکھیئے۔ 1

2. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ سو (100) الفاظ میں لکھیں۔ 6

(i) خوجی ایک مطالعہ

(ii) سکون کی نیند

(iii) اس آباد خرابے میں

StudentBounty.com



3. مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک نثر نگار کی سوانح حیات اور طرز تحریر پر اظہار خیال کریں۔ 6

(i) خواجہ حسن نظامی

(ii) قرۃ العین حیدر

(iii) بلونت سنگھ

4. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح کریں اور شاعر کا حوالہ بھی دیں : 8

**(الف)**

جذبات رفتہ رفتہ افکار بن رہے ہیں
افکار کا نتیجہ کردار بن رہا ہے
ہمدردیوں کی شدّت انصاف بن رہی ہے
پروردگی کا جذبہ ایثار بن رہا ہے
لغزش سے تجربہ ہے اور تجربے سے حکمت
تحقیق ہو رہی ہے معیار بن رہا ہے
گمراہیوں سے ہو کر ہے راستہ ہمارا
تاریخ بن رہا ہے ہر نقشِ پا ہمارا

StudentBounty.com



**(ب)**

(i) اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم

کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

(ii) ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر

اتنا برسا ٹوٹ کے پانی، ڈوب چلا مے خانہ بھی

(iii) ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی

آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

(iv) میں ایک حادثہ بن کر کھڑا تھا رستے میں

عجب زمانے مرے سر سے تھے گذرتے ہوئے

.5 مندرجہ ذیل شعرا میں سے کسی **ایک** شاعر کی سوانح حیات اور کلام کی خوبیاں تحریر کریں۔ 6

(i) اقبالؔ

(ii) علی سردار جعفری

(iii) معین احسن جذبیؔ

StudentBounty.com



6. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی **ایک** نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 6

(i) زندگی سے ڈرتے ہو

(ii) وقت کا ترانہ

(iii) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

7. خیابان اُردو کے درج ذیل مضامین میں سے کسی **ایک** کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں : 6

(i) مرحوم کی یاد میں

(ii) جلتی جھاڑی

(iii) یہودی کی لڑکی

8. مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے جوابات مختصر لکھیں : 1 + 1 = 2

(i) ''بیوہ'' ناول کے مصنّف کون ہیں؟

(ii) ''کلرک کی موت'' کہانی میں کلرک کا نام کیا ہے؟

(iii) ''جنم دن'' کہانی کس زبان سے ترجمہ کی گئی ہے؟

(iv) ڈرامہ ''یہودی کی لڑکی'' میں رومن شہزادہ کے کردار کا نام کیا ہے؟

StudentBounty.com



9. مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات تفصیل سے لکھیئے : 8 + 8 = 16

(i) دلّی کالج کی اہم خدمات بیان کریں۔

(ii) دبستان دہلی کی اہم خوبیاں تحریر کریں۔

(iii) سرسید کے رفقا کے کارناموں کی وضاحت کیجئے۔

(iv) اُردو زبان کی ابتداء کے کسی ایک نظریے کا جائزہ لیجئے۔

10. مندرجہ ذیل اصناف میں سے کسی **ایک** صنف پر مختصر نوٹ لکھیں۔ 8

(i) غزل

(ii) انشائیہ

(iii) مکتوب نگاری

11. مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر مضمون لکھیں : 8

(i) عیدالفطر

(ii) بڑھتی بے روزگاری کا مسئلہ

(iii) غالبؔ کی شاعرانہ عظمت

(iv) حالیؔ بحیثیت نثر نگار